چوتھا سمسٹر IV Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	جولائی 2022

Paper - B9ED404CCT : Health and Physical Education

جملہ نشانات : 35 Maximum. Marks — وقت : Time : 2 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 05 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 01 نمبر مختص ہے۔ **(5 x 1 = 5 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 04 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 4 = 20 Marks)**
3. حصہ سوم میں 02 سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی 01 سوال کا جواب دینا ہے۔سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(1 x 10 = 10 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) ثانیہ مرزا کا تعلق کس کھیل سے ہے؟

(a) ہاکی (b) فٹ بال

(c) لان ٹینس (d) بیڈمنٹن

(ii) درونا چاریہ ایوارڈ کس کھیل میں دیا جاتا ہے؟

(a) کرکٹ (b) اتھلیٹکس

(c) فٹ بال (d) کبڈی

(iii) طلبا کی جسمانی نشوونما کا مرحلہ ہے:

(a) شیر خوارگی (b) ابتدائی بچپن کا مرحلہ

(c) نوبلوغت کا مرحلہ (d) یہ سبھی

(iv) انٹرامیورل (Intramural) کے معنی ہیں؟

(a) اسکول کے اندر ہونے والے مقابلے (b) مختلف اسکولوں کے درمیان ہونے والے مقابلے

(c) (A) اور (B) دونوں صحیح (d) (A) اور (B) دونوں غلط

(v) تفریحی سرگرمیاں طلبا کی شخصیت کے کس پہلو کی نشو و نما میں اہم کردار ادا کرتی ہیں؟

(a) سماجی (b) جذباتی

(c) ذہنی (d) یہ سبھی

حصہ دوم

2- جسمانی تعلیم کی تعریف اور وسعت (Scope) بیان کیجیے۔

3- صحت کی تعلیم کے اغراض و مقاصد تفصیل سے بیان کیجیے۔

4- صحت کو موثر بنانے میں جسمانی تعلیم کے معلم کے کردار کو وضاحت کے ساتھ پیش کیجیے۔

5- جسمانی سرگرمیوں کے مختلف اقسام پر ایک نوٹ لکھیے۔

6- تفریح سے کیا مراد ہے؟ تفریحی سرگرمیوں کی اہمیت بیان کیجیے۔

7- جسمانی تعلیم کے پروگرام کا انتخاب کرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟ واضح کیجیے۔

8- اسکول میں انٹرامیورل (Intramural) اور ایکسٹرامیورل (Extramural) سرگرمیوں کی اہمیت کا جائزہ لیجیے۔

9- کھیل کود کی سرگرمیوں اور مقابلوں کے لیے مالی انتظامی اور بجٹنگ کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

حصہ سوم

10. قومی نصابی خاکہ (NCF - 2005) میں صحت اور جسمانی تعلیم سے متعلق اہم سفارشات پر تفصیل سے بحث کیجیے۔

11. آپ بحیثیت معلم اسکولی سطح پر صحت کے پروگرام کا انعقاد کس طرح کریں گے؟ مفصل قلم بند کیجیے۔

☆☆☆